BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

# سٹی آف برامپٹن نے برامپٹن کی کارسازی کی صنعت کے مستقبل کے بارے میں بات چیت کرنے کے لیے ایک آٹوموٹِو فورم کا انعقاد کیا ہے

برامپٹن، آن (23 فروری 2022) – پچھلے ہفتے، سٹی آف برامپٹن نے برامپٹن کی آٹوموٹِو انڈسٹری کی اہمیت پر بات چیت کرنے اور حکومت کی تمام سطحوں کی جانب سے سٹیلانٹِس برامپٹن اسمبلی پلانٹ میں سرمایہ کاری کی ضرورت کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کے حوالے سے برامپٹن آٹوموٹِو فورم کی میزبانی کی۔

اس فورم میں برامپٹن سٹی کونسل کے اراکین، اقتصادی ترقی کے عملے، وزراء، مقامی MPs اور MPPs نے شرکت کی، جنہوں نے برامپٹن کی آٹو موٹو انڈسٹری کے مستقبل اور اونٹاریو اور کینیڈا کی آٹو موٹیو انڈسٹریز کے وسیع تر تناظر پر تبادلہ خیال کیا۔

برامپٹن میں سٹیلانٹِس کی سہولت گاہ برامپٹن کی آٹوموٹِو انڈسٹری میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور مقامی معیشت پر نمایاں طور پر اثر انداز ہوتی ہے اور یہ تقریباً 3,000 مینوفیکچرنگ ملازمتیں فراہم کرتی ہے۔ یہ صوبہ بھر میں سپلائرز، لاجسٹکس اور ٹرکنگ کمپنیوں اور HVAC اور الیکٹریکل کمپنیوں کے ساتھ مل کر بہت سی مزید بالواسطہ ملازمتیں بھی پیدا کرتا ہے۔ یہ اندازہ بھی لگایا گیا ہے کہ آٹوموٹو کی سہولت گاہ کی ہر ایک ملازمت کے لیے، زیادہ سے زیادہ پانچ سے چھ بالواسطہ ملازمتیں بھی پیدا ہوتی ہیں۔

برامپٹن کا ایڈوانسڈ مینوفیکچرنگ کا شعبہ ہر صنعت میں تعاون، شراکت اور اختراع کی بنیاد ہے۔ یہ روزگار کے لحاظ سے برامپٹن کی سب سے بڑی صنعت ہے، جو شہر کی افرادی قوت کا تقریباً ایک چوتھائی حصہ ہے۔ برامپٹن کے ایڈوانسڈ مینوفیکچرنگ کے شعبے کی 23 فیصد افرادی قوت آٹوموٹِو انڈسٹری میں کام کرتی ہے۔

برامپٹن کی آٹوموٹِو انڈسٹری اور ایڈوانسڈ مینوفیکچرنگ کے شعبے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں: www.investbrampton.ca

**فوری حقائق:**

- برامپٹن کی سٹیلانٹِس سہولت گاہ اپنے عالمی آپریشنز میں وہ واحد پلانٹ ہے جو ڈاج چارجرز، ڈاج چیلنجرز اور کریسلر 300s تیار کرتی ہے۔
- برامپٹن میں بنی ہوئی 90 فیصد سے زیادہ کاریں برآمد کی جاتی ہیں جن کی اکثریت امریکہ کو جاتی ہے۔
- برامپٹن میں آٹوموٹِو پارٹس مینوفیکچرنگ انڈسٹری میں کئی بڑی کمپنیاں کام کر رہی ہیں جن میں میگنا، مارٹنریا، ABC ٹیکنالوجیز اور بہت سی دیگر کمپنیوں کی ملکیتی سہولت گاہیں شامل ہیں۔

**اقتباسات**

"برامپٹن کی آٹوموٹو صنعت کی ایک قابل فخر تاریخ موجود ہے جو ہماری سٹیلانٹِس سہولت گاہ کے ذریعے معرض وجود میں آئی ہے، جو اچھی تنخواہ والی تقریباً 3,000 مینوفیکچرنگ ملازمتیں پیدا کرتی ہے اور ایک اور اندازے کے مطابق ہماری کمیونٹی کے پلانٹ میں ہر ایک کام کے لیے پانچ سے چھ ملازمتیں موجود ہیں۔ یہ واضح ہے کہ عالمی آٹوموٹِو انڈسٹری اب الیکٹرک گاڑیوں کی جانب منتقل ہو رہی ہے اور برامپٹن کو بھی – اپنے بڑے اور جدید مینوفیکچرنگ شعبے کے ساتھ – اس

تبدیلی کا حصہ بننے کی ضرورت ہے۔ میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں میں اپنے شراکت داروں سے پُرزور درخواست کرتا ہوں کہ وہ اپنے برامپٹن پلانٹ میں سرمایہ کاری کو محفوظ بنانے کے لیے سٹیلانٹِس کے ساتھ تعاون کریں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن کا جدید ترین مینوفیکچرنگ شعبہ برامپٹن کی تمام صنعتوں میں تعاون، شراکت داری اور اختراع کی بنیاد ہے، جو روزگار پیدا کرنے کے لحاظ سے ہمارے شہر کی سب سے بڑی صنعت کی نمائندگی کرتا ہے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق اکیلے سٹیلانٹِس پلانٹ میں اور سپلائی چین کے ذریعے 15,000 سے زیادہ ملازمتیں برقرار ہیں۔ ہمیں اب برامپٹن کے آٹوموٹِو کے مستقبل کے لیے سٹیلانٹِس کی سہولت گاہ میں سرمایہ کاری کو محفوظ بنانے کے لیے مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔"

- *مارٹن میڈیروس، ریجنل کونسلر، وارڈز 3 اور 4؛ چیئر، اکنامک ڈیویلپمنٹ، سٹی آف برامپٹن*

"چونکہ اب الیکٹرک گاڑیوں کی سہولیات کے لیے طویل مدتی سرمایہ کاری کرنے کے فیصلے کیے جا رہے ہیں، لہٰذا اب حکومت کی تمام سطحوں کو مل کر کام کرنا چاہیے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ہم ان مواقع سے محروم نہ ہوں۔ سٹیلانٹِس برامپٹن ایک ایوارڈ یافتہ پلانٹ ہے اور اپنی مصنوعات کے لیے مشہور ہے۔ اپنے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے، ہمیں امید ہے کہ ہماری مقامی معیشت اور کینیڈین آٹوموٹِو انڈسٹری کو فائدہ پہنچانے کے لیے سٹیلانٹِس برامپٹن اسمبلی پلانٹ میں سرمایہ کاری کو محفوظ بنایا جائے گا۔"

- *پال ویسینٹے، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ وائس چیئر، اکنامک ڈیولپمنٹ، سٹی آف برامپٹن*

"شمالی امریکہ کی مارکیٹ تک اپنی حکمت عملی پر مبنی رسائی، اعلیٰ معیار کی افرادی قوت اور ایوارڈ یافتہ مینوفیکچرنگ کی بدولت، برامپٹن شہر کے جدید مینوفیکچرنگ شعبے کو حکمت عملی پر مبنی معاونت فراہم کرنے کی پوزیشن میں ہے۔ ہمارا اکنامک ڈیولپمنٹ آفس، سٹیلانٹِس کو – جو برامپٹن کی آٹوموٹِو صنعت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے – اور جدید مینوفیکچرنگ کے شعبے میں کام کرنے والی کمپنیوں کو مدد فراہم کرتا رہے گا تاکہ ہماری مقامی معیشت کو فائدہ پہنچے۔"

- *رچرڈ فارورڈ، کمشنر، پلاننگ، بلڈنگ اینڈ اکنامک ڈیولپمنٹ، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن اسمبلی میں یونیفور (Unifor) ممبران بہترین معیار کی کچھ ایسی گاڑیاں بناتے ہیں، جو دنیا میں سب سے زیادہ مطلوب گاڑیاں ہیں اور ہماری سہولت گاہ جاری پروڈکٹ مینڈیٹس اور نئی سرمایہ کاری کے لیے اچھی طرح سے تیار ہے۔ اس پلانٹ کو درپیش چیلنجز پورے کینیڈا میں موجود دیگر آٹو پلانٹس کو درپیش چیلنجز سے مختلف نہیں ہیں، بشمول نازک عالمی سپلائی چینز کے مسائل اور بجلی پر چلنے والی گاڑیوں کی جانب منتقلی۔ ہم جانتے ہیں کہ فعال حکومتی تعاون، کمیونٹی کی شمولیت اور کارکنوں کی یکجہتی کے ساتھ، برامپٹن میں آٹو سیکٹر کا ایک طویل اور روشن مستقبل موجود ہے۔"

- *ڈینی پرائس، پریزیڈینٹ یونیور لوکل 1285*

"ہماری حکومت ہمارے آٹوموٹو شعبے کو عالمی سپلائی چین میں بجلی پر چلنے والی گاڑیوں کی جانب پیش قدمی کے ضمن میں ایک رہنماء بنتے ہوئے دیکھنا چاہتی ہے۔ ہم اسے حقیقت بنتے دیکھنے کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے۔ اس شعبے میں ہماری جاری سرمایہ کاری کے ساتھ، ہم ایک مضبوط اور لچکدار کینیڈین بیٹری ایکو سسٹم بنانے کے لیے مزید مواقع کی تلاش جاری رکھیں گے اور اچھی تنخواہ والی ملازمتیں پیدا کریں گے۔ سٹیلانٹِس کا برامپٹن اسمبلی پلانٹ ہماری حکومت کے لیے ہمیشہ ایک اولین ترجیح رہے گا اور ہماری ٹیم اس سہولت گاہ کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے اپنی انتھک محنت جاری رکھے گی۔"

- *اینڈی فِلمور، M.P، پارلیمانی سیکریٹری برائے منسٹر آف انوونیشن، سائنس اینڈ ٹیکنالوجی*

"برامپٹن میں سٹیلانٹِس اسمبلی پلانٹ کمیونٹی اور ملک کے لیے ایک سنگ بنیاد کی حیثیت رکھتا ہے۔ ہم کینیڈا کی صنعت اور نقل و حرکت کے شعبے کو اگلی نسل کو منتقل کرنے کے لیے اس وراثت کو آگے بڑھانے کے لیے پُرعزم ہیں۔"

- *فلیویو وولپ، پریزیڈینٹ، آٹوموٹِو پارٹس مینوفیکچررز ایسوسی ایشن*

30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca